معروضی آزمائشی مشقیں

جنرل سائنس

نویں دسویں جماعتوں کیلئے

برائے
پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ، لاہور

کتاب بہترین ساتھی ہے
اس سے پیار کیجیے
اسے ضائع ہونے سے بچائیے

اپیل

پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ ایک قومی ادارہ ہے جو پنجاب کے طلبہ کے لیے معیاری اور سستی نصابی کُتب بروقت مہیا کرنے کے لیے کوشش کرتا ہے۔ مگر کچھ جعل ساز ناجائز منافع کے لیے بورڈ کی شائع کردہ کُتب کے جعلی ایڈیشن گھٹیا کاغذ پر ناقص طباعت کے ساتھ مارکیٹ میں فروخت کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور بورڈ کو مالی نقصان پہنچانے کے علاوہ اس کی بدنامی کا سبب بھی بنتے ہیں۔ طلبہ اور والدین سے توقع کی جاتی ہے کہ ایسی کُتب کی اطلاع بورڈ کو دیں تاکہ ضروری سدِباب کیا جا سکے۔ بورڈ کی نصابی کتابوں کی نشاندہی بورڈ کے اس نشانِ خصوصی سے ہوتی ہے جو ہر کتاب کے سرورق پر چھپا ہوتا ہے۔

عبدالوحید
چیئرمین
پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ
21-ای-2-گلبرگ-3-لاہور

معروضی آزمائشی مشقیں

جنرل سائنس

نویں، دسویں جماعتوں کے لیے

شایع کردہ:

پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ ○ لاہور

اس کتاب کا مسودہ ادارہ نصاب وفاقی وزارت تعلیم اسلام آ
کے زیر اہتمام تیار ہوا ہے۔

شائع کردہ ۔ پنجاب ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور۔

مجلس ادارت

1 ۔ خادم علی ہاشمی (کنوینر)

2 ۔ مسز مصباح ناگرہ

3 ۔ مسز زرینہ زیدی

4 ۔ ڈاکٹر زوار حسین شیرازی

5 ۔ ڈاکٹر عبدالرشید

6 ۔ ڈاکٹر روشن علی سیال

ایڈیٹر

جناب محمد انور بیگ

نظرثانی : جاوید اقبال

طباعت

آئی سی پرنٹرز ، آوٹ فال روڈ ۔ لاہور

فہرست مضامین

باب	مضامین	صفحہ نمبر
1 ۔ باب اول	سائنس اور سائنسداں	2
2 ۔ باب دوم	سائنس اور معاشرہ	12
3 ۔ باب سوم	خلیہ بطور جانداروں کی زندگی کی بنیاد	20
4 ۔ باب چہارم	انسانی جسم کی کارکردگی	32
5 ۔ باب پنجم	بیماریاں اور ان کی روک تھام	47
6 ۔ باب ششم	علم البحر	56
7 ۔ باب ہفتم	توانائی کے وسائل	66
8 ۔ باب ہشتم	نیوکلیائی توانائی	75
9 ۔ باب نہم	عام استعمال ہونے والے عناصر	84
10 ۔ باب دہم	عام استعمال ہونے والے مرکبات	93
11 ۔ باب یازدہم	خلائی سرحدیں	111
12 ۔ باب دوازدہم	قدرتی وسائل اور ان کا تحفظ	126
13 ۔ باب سیز دہم	سائنس کی خدمات	135

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

پیش لفظ

نصابی اصلاحات کا مؤثر نفاذ بنیادی طور پر ان افراد کے علم، اہلیت اور جزبۂ کار پر منحصر ہے جن کے ذمہ ان اصلاحات کو عملاً نافذ کرنا ہے۔ نفاذ اصلاحات کے اس عمل میں اعلیٰ انتظامی افراد سے لےکر اُستاد اور ممتحن تک سبھی شامل ہیں۔ نفاذ کا یہ عمل ایک زنجیر کی طرح اتنا ہی مضبوط یا کمزور ہوگا جتنی اس کی کڑیاں مظبوط یا کمزور ہوں گی۔ اس سلسلہ میں اُستاد سب سے اہم کڑی ہے۔

وزارت تعلم، صوبائی اداروں، بالخصوص نصاب ساز اداروں، ٹیکسٹ بک بورڈوں، تربیت اساتذہ کے اداروں اور امتحانی بورڈوں کے اشتراک سے سلسلہ اصلاحات کی تمام کڑیوں (درسی کتب سے امتحانات تک) کی اصلاح و تبدیلی کی سعی کررہی ہے۔ جبکہ خصوصی طور پر اُستاد کی صلاحیت کار کو بہتر بنانے پر سب سے زیادہ توجہ کی جارہی ہے۔ اس سلسلہ میں ''رہنمائے اساتذہ، تدریسی ماڈیولز اور سبقی اشارات'' تیار اور شائع کرنے کا پروگرام شروع کیا گیا ہے۔ اساتذہ کے لیے رہنما کتب کا پہلا سیٹ کیمیا، طبیعیات، حیاتیات، ریاضی، جنرل سائنس اور انگریزی کے مضامین پر مشتمل ہے۔ اس سعی میں صوبائی نصاب ساز مراکز، ٹیکسٹ بک بورڈوں، تربیت اساتذہ کے اداروں، تعلیمی و امتحانی بورڈوں اور یونیورسٹیوں نے ہر طرح کا تعاون کیا ہے۔ یہ امر باعث مسرت ہے کہ جب ہمارے ماہرین تعلیم کو کسی کام کی افادیت کا یقین ہوجائے تو وہ انتہائی خوشی اور رضامندی سے متوقع امداد بہم پہنچاتے ہیں۔ زیر نظر کتب کی اشاعت ان کے اخلاقی اور پیشہورانہ اشتراک کا عملی ثبوت ہے۔

ٹیکسٹ بک بورڈوں نے اس مواد کو شائع کرنے کی جو ذمہداری لی ہے وہ اس امر کی شاہد ہے کہ بورڈ خطرات مول لینے کی بھی صلاحیت رکھتے ہیں۔ انھوں نے انھیں دیدہ زیب اور کم قیمت بنانے کی انتہائی کوشش کی ہے۔ توقع ہے کہ آئندہ سالوں میں اور بھی بہتر صورت میں انھیں شائع کریں گے۔

اُمید ہے کہ یہ رہنما کتب اور ماڈیولز اساتذہ کے لیے مفید ثابت ہوں گے ۔ مزید بریں ان کی مدد سے جماعتی تدریس کا معیار بہتر ہوجائے گا ۔ طلبہ کے والدین بھی اپنے بچوں کی تربیت کے لیے استعمال کرسکیں گے ۔

یہ صرف ایک کوشش ہے اور کوشش بھی معمولی ۔ البتہ جب اساتذہ اسے استعمال کریں گے تو وہ ہمیں بتائیں گے کہ اس مواد کو کس حد تک اور کس طرح مزید بہتر بنایا جاسکتا ہے ۔ اُمید ہے کہ اس مواد کی اشاعت سے دوسرے ماہرین تعلیم اور اساتذہ کی حوصلہ افزائی بھی ہوگی اور وہ اسی طرح کی مزید کتب تصنیف کرسکیں گے ۔

ان مسودات کی تیاری میں جن ماہرین نے قابل قدر تعاون کیا ہے ہم ان کی مساعی کی تحسین کرتے ہیں اور ان کے شکرگزار ہیں ۔ ان تصانیف کو بہتر بنانے کے لیے تجاویز اور مشورے شعبہ نصاب 'وزارت تعلیم' اسلام آباد کو روانہ کیے جائیں ۔

عبداللہ خادم حسین
جائنٹ ایجوکیشنل ایڈوائزر
وزارت تعلیم ، اسلام آباد ۔

جنرل سائنس

نویں، دسویں جماعتوں کے لیے

معروضی آزمائشی مشقیں

مجلس ادارت :

1 - خادم علی ہاشمی (کنوینر)
مرکز تحقیق و ترقی نصاب ،
وحدت کالونی ، لاہور -

2 - مسز مصباح ناگرہ ،
فیڈرل گورنمنٹ کمپری ہینسو ہائی اسکول ،
اسلام آباد -

3 - مسز زرینہ زیدی ،
وقار النساء گرلز ہائی اسکول ،
راولپنڈی -

4 - ڈاکٹر زوار حسین شیرازی ،
بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ،
لاہور -

5 - ڈاکٹر عبدالرشید ،
ادارہ تعلیم و تحقیق ، جامعہ پنجاب ،
نیو کیمپس ، لاہور -

6 - ڈاکٹر روشن علی سیال ،
وفاقی وزارت تعلیم (ادارہ نصاب سازی) ،
اسلام آباد -

ایڈیٹر : جناب محمد انور بیگ ، اسپیشلسٹ ایجوکیشنل ریسرچ ،
سنٹرل بیورو آف ایجوکیشن ، اسلام آباد -

باب 1

عنوان : سائنس اور سائنسدان

ذیلی عنوانات

1.1 ۔ سائنس کیا ہے ؟ سائنس کے حاصلات بطور علم سائنسی عمل ۔ سائنس عام کے حصول کا ایک ذریعہ بھی ہے ۔

1.2 ۔ سائنسی طریق : سائنسی طریق میں مشاہدہ ، مسئلے کا ادراک ، مفروضہ ، تجربہ ، اور نظریہ قائم کرنا ہے ۔

1.3 ۔ سائنس کی شاخیں : علم الحیات ، کیمیا ، طبیعیات ، فلکیات ، علم الارض وغیرہ ہیں ۔

1.4 ۔ سائنس دان

چند معروف سائنس دان : ابن الہیثم ، فیراڈے ، جابر بن حیان ، الرازی ، بو علی سینا ، ابن البیطار ، البیرونی الدمیری ، نیوٹن ، ایڈیسن ، گیلیلیو ، مارکونی

مشق : معروضی سوالات : کثیر الانتخابی طرز

نوٹ : ذیل میں ہر سوال کے نیچے 4 امکانی جواب دیے گئے ہیں جن میں صرف ایک جواب درست ترین ہے ۔ درست ترین جواب کے حرف کے گرد دائرہ لگائیں ۔

مثال : پانی کن دو عناصر کا مرکب ہے ۔

(الف) آکسیجن اور نائیٹروجن
(ب) نائٹروجن اور ہائیڈروجن
(ج) ہائیڈروجن اور آکسیجن
(د) ہوا اور ہائیڈروجن

اس مثال میں صحیح جواب ہائیڈروجن اور آکسیجن ہے لہذا (ج) کے گرد دائرہ لگادیا گیا ہے۔

1۔ سائنس کی جس شاخ میں جاندار اشیاء کا مطالعہ کیا جاتا ہے اس کو کیا کہتے ہیں؟

1۔ حیوانیات
2۔ حیاتیات
3۔ نباتیات
4۔ طبیعیات

2۔ روشنی کی رفتار کتنے میٹر فی سیکنڈ ہے؟

1۔ تیس ملین
2۔ تین کروڑ
3۔ تین سو ملین
4۔ تین ہزار

3۔ علم کیمیا کا بانی کس کو کہا جاتا ہے؟

1۔ البیرونی
2۔ الخوارزمی
3۔ ابن الہیثم
4۔ جابر بن حیان

4۔ بوعلی سینا کا دور کب تک کا ہے؟

1۔ 722ء تا 813ء
2۔ 840ء تا 983ء
3۔ 980ء تا 1037ء
4۔ 973ء تا 1048ء

5 ۔ وہ علم جس میں بالخصوص مادے اور توانائی اور ان کے باہمی تعلق کا مطالعہ کیا جاتا ہے کیا کہلاتا ہے ؟

1 ۔ علم الکیمیا
2 ۔ علم الطبیعیات
3 ۔ علم الارض
4 ۔ علم الحیات

6 ۔ نیوٹن کس کا موجد تصور کیا جاتا ہے ؟

1 ۔ انعطافی دوربین
2 ۔ خردبین
3 ۔ ریڈیائی دوربین
4 ۔ انعکاسی دوربین

7 ۔ یورپ میں باقاعدہ سائنسی تعلیم کا آغاز کس صدی عیسوی سے ہوتا ہے؟

1 ۔ ساتویں
2 ۔ انیسویں
3 ۔ تیرہویں
4 ۔ سترہویں

8 ۔ نیوٹن نے کس موضوع پر اصول وضع کیے ؟

1 ۔ برقی مقناطیسی اماله
2 ۔ کشش ثقل
3 ۔ پنڈولم
4 ۔ مائعات کا اچھال

9 ۔ میکانیات ، حرارت ، روشنی ، آواز اور برق کس علم کے حصے ہیں ؟

1 ۔ علم الارض
2 ۔ کیمیا
3 ۔ طبیعیات
4 ۔ فلکیات

10 ۔ ابن الہیثم کا شہرۂ آفاق کارنامہ کیا ہے ؟

1 ۔ قانون مسعودی
2 ۔ قانون فی الطب
3 ۔ کتاب المناظر
4 ۔ کتاب الشفاء

11 ۔ سب سے پہلے چیچک اور خسرہ کے اسباب ، علامات ، علاج پر کس نے روشنی ڈالی تھی ؟

1 ۔ جابر بن حیان
2 ۔ ابن الہیثم
3 ۔ محمد بن ذکریا رازی
4 ۔ البیرونی

12 ۔ علم کیمیا میں ـــــ کا مطالعہ کیا جاتا ہے۔

1 ۔ مادے اور توانائی کے باہمی تعلق
2 ۔ زمین پر اور زیر زمین اشیاء
3 ۔ اشیاء کی ماہیت اور ترکیب
4 ۔ سیاروں اور ستاروں

13 ۔ درج ذیل وقت کی اکائیوں میں مقداری لحاظ سے سب سے بڑی اکائی کونسی ہے ؟

1 ۔ صدی
2 ۔ نوری سال
3 ۔ مہینہ
4 ۔ سال

14 ۔ طبیعیات کے جس شعبے میں مادی اجسام کی حرکت اور اس سے متعلق مسائل پر بحث کی جاتی ہے اسے ـــــ کہتے ہیں ۔

1 ۔ آواز
2 ۔ میکانیات
3 ۔ حرارت
4 ۔ برقیات

15 ۔ سائنسی علم کی بنیاد ہے :

1 ۔ دلیل
2 ۔ مشاہدہ
3 ۔ تجربہ
4 ۔ اوپر کے تینوں

16 ۔ سائنسی علم دراصل ـــ ـــ ـــ کا نام ہے:

1 ۔ سائنس کے حاصلات
2 ۔ سائنس کے عمل
3 ۔ سائنس کے اصول
4 ۔ سائنسی عمل اور سائنسی حاصلات

17 ۔ سائنسی طریق کار کی بنیاد ہے :

1 ۔ مشاہدہ
2 ۔ مسئلے کا ادراک
3 ۔ مفروضہ سازی
4 ۔ اوپر کے تینوں

18 ۔ ماہر حیاتیات ـــ ـــ ـــ کا مطالعہ کرتا ہے :

1 ۔ پودوں اور چٹانوں
2 ۔ جانوروں اور ستاروں
3 ۔ چٹانوں اور سمندروں
4 ۔ پودوں اور جانوروں

معروضی سوالات (تکمیلی طرز)

نوٹ : مندرجہ ذیل نامکمل فقرات کو مناسب الفاظ سے مکمل کریں :

1 ۔ چیزوں کی ماہیت و ترکیب کے علم کو ـــــ کہتے ہیں۔

2 ۔ زمین پر اور زیر زمین پائی جانے والی اشیاء مثلاً مٹی ، پتھر ، تیل وغیرہ کے مطالعے کو ـ ـ ـ ـ کہتے ہیں ۔

3 ۔ پیمائش کی سائنس کو ـ ـ ـ ـ ـ کہتے ہیں۔

4 ۔ فلکی فاصلے ـ ـ ـ ـ ـ میں ناپے جاتے ہیں ۔

5 ۔ سب سے پہلے جس شخص نے چیچک اور خسرہ کے اسباب ، علامات ، علاج اور حفظ ما تقدم پر تفصیل سے روشنی ڈالی تھی اس کا نام ـ ـ ـ ـ ـ ـ ہے ۔

6 ۔ ایڈیسن کی کاربن ٹرانسمیٹر کی ایجاد کی وجہ سے گراہم بیل ـ ـ ـ ـ ـ بنانے میں کامیاب ہوا ۔

7 ۔ نباتیات ـ ـ ـ ـ ـ کے علم کو کہتے ہیں ۔

8 ۔ سترہویں صدی تک یورپ کے تمام علمی مدارس میں بو علی سینا کی مشہور کتاب ـ ـ ـ ـ ـ پڑھائی جاتی رہی ۔

9 ۔ مسلمان سائنسدانوں کا دور ساتویں صدی عیسوی سے ـ ـ ـ ـ ـ صدی عیسوی تک پھیلا ہوا ہے ۔

10 ۔ جاندار اشیاء کا مطالعہ کرنی والی سائنس کو ـ ـ ـ کہتے ہیں۔

11 ۔ مادے اور توانائی کے باہمی تعلق کے مطالعہ کو ـــــ کہتے ہیں۔

12 ۔ سورج، چاند، ستاروں اور سیاروں کے علم کو ـــــ کہتے ہیں۔

معروضی سوالات : بیانیہ طرز (صحیح اور غلط بیانات پر مبنی)

نوٹ : ذیل میں دیے گئے بیانات کو غور سے پڑھیے ۔ جو بیانات صحیح ہیں ان کے شروع میں خالی جگہ پر ''ص'' کا حرف لکھیے اور جو بیانات غلط ہیں ان کے شروع میں خالی جگہ پر حرف ''غ'' لکھیے۔

_____ 1 ۔ نوری سال سے مراد وہ فاصلہ ہے جو روشنی ایک سال میں طے کرتی ہے ۔

_____ 2 ۔ البیرونی کی مشہور کتاب کا نام ''الشفاء'' ہے ۔

_____ 3 ۔ روشنی کی رفتار تیس ہزار میٹر فی سیکنڈ ہے ۔

_____ 4 ۔ میکانیات کے شعبے میں مادی اجسام کی حرکت اور اس سے متعلقہ مسائل پر بحث کی جاتی ہے ۔

_____ 5 ۔ علم الحیات کو پیمائش کی سائنس کہتے ہیں ۔

_____ 6 ۔ مادے اور توانائی کے باہمی تعلق کے مطالعہ کو طبیعیات کہتے ہیں ۔

_____ 7 ۔ علم ارض ستاروں کا علم ہے ۔

_____ 8 ۔ محمد بن ذکریا رازی کو علم کیمیا کا بانی تصور کیا جاتا ہے ۔

_____ 9 ۔ ابن الہیثم یورپ میں ال ہیزن کے نام سے مشہور ہیں ۔

_____ 10 ۔ بو علی سینا کی مشہور کتاب ''المناظر'' ہے ۔

_____ 11 ۔ نیوٹن کو جدید سائنس کے موجدوں میں شمار کیا جاتا ہے ۔

_____ 12 ۔ گیلیلیو جرمنی کا ایک ماہر فلکیات تھا ۔

_____ 13 ۔ مارکونی نے بجلی کا بلب ایجاد کیا ۔

_____ 14 ۔ ارسطو ارشمیدس اور فیثا غورث یونانی دور کے مشہور سائنسدان ہیں ۔

_____ 15 ۔ دوربین کی ایجاد سے فلکی اجسام کا مطالعہ آسان ہو گیا ہے ۔

معروضی سوالات : بطرز مطابقت

نوٹ : ذیل میں دیے گئے سوال میں دو سیٹ (الف) ، (ب) دیے گئے ہیں۔ سیٹ الف میں دیے گئے ہر نام کے دائیں جانب خالی جگہ پر سیٹ ب سے متعلقہ معلومات کا نمبر شمار درج کریں :

مثال	سیٹ الف	سیٹ ب
4	(الف) علم کیمیا	(1) جاندار اشیا کا مطالعہ۔
6	(ب) علم طبیعیات	(2) دھاتوں وغیرہ کا علم۔
1	(ج) علم حیاتیات	(3) مٹی ، پتھر ، تیل ، گیس وغیرہ کا مطالعہ۔
7	(د) فلکیات	(4) چیزوں کی ترکیب اور ماہیت کا مطالعہ۔
3	(ر) علم الارض	(5) ٹیلی ویژن ، ریڈیو اور ٹرانسسٹر کا علم۔
		(6) مادہ اور توانائی میں باہمی تعلق۔
		(7) سورج ، چاند اور ستاروں کا مطالعہ۔

سوال	سیٹ الف	سیٹ ب
_____	(الف) جابربن حیان	(1) بجلی کا بلب
_____	(ب) نیوٹن	(2) قانون تجاذب
_____	(ج) البیرونی	(3) برقی مقناطیسی امالہ
_____	(د) محمد بن زکریا رازی	(4) قانون فی الطب
_____	(ر) ابن الہیثم	(5) پینڈولم
_____	(س) بو علی سینا	(6) سلفیورک ایسڈ
_____	(ک) گیلیلیو	(7) الحاوی
_____	(ل) فیراڈے	(8) المناظر
_____	(م) ایڈیسن	(9) قانون المسعودی
_____	(ن) مارکونی	(10) ٹیلی ویژن
		(11) ایٹم کی ساخت
		(12) بے تار پیغام رسانی

باب 1

معروضی سوالات کے جوابات

1 ۔ کثیرالانتخابی طرز

سوال نمبر	جواب	سوال نمبر	جواب	سوال نمبر	جواب
1	2	7	4	13	2
2	3	8	2	14	2
3	4	9	3	15	4
4	3	10	3	16	4
5	2	11	3	17	4
6	4	12	3	18	4

2 ۔ تکمیلی طرز

سوال نمبر	جواب	سوال نمبر	جواب
1	علم کیمیا	7	پودوں
2	علم الارض	8	قانون فی الطب
3	طبیعیات	9	تیرہویں
4	نوری سال	10	علم الحیات
5	محمد بن ذکریا رازی	11	طبیعیات
6	ٹیلی فون	12	فلکیات

3 ۔ بیانیہ طرز: صحیح اور غلط بیانات پر مبنی

سوال نمبر	جواب	سوال نمبر	جواب	سوال نمبر	جواب
1	ص	6	ص	11	ص
2	غ	7	غ	12	غ
3	غ	8	غ	13	غ
4	ص	9	ص	14	ص
5	غ	10	غ	15	ص

4 ۔ بطرز مطابقت

الف	6	س	4
ب	2	ک	5
ج	9	ل	3
د	7	م	1
ر	8	ن	12

باب 2

عنوان ۔ سائنس اور معاشرہ

ذیلی عنوانات :

2.1 ۔ ٹیکنالوجی : سائنس کے نتائج کا انسانی بہبود کے لیے استعمال ٹیکنالوجی کہلاتا ہے۔ طب شعبہ جات انجینئر نگ اور زراعت ٹیکنالوجی سائنس کی چند اہم مثالیں ہیں ۔

2.2 ۔معاشرتی زندگی پر سائنس کے اثرات : سائنس انسانی کلچر کا ایک حصہ ہے ۔ سائنس معاشی ، سیاسی ، آبادیاتی اور معاشرتی پہلوؤں پر اثر انداز ہوتی ہے ۔ سائنس معاشرتی تبدیلی کا کارندہ ہے اور تبدیلی کی رفتار میں اضافہ کرتی ہے ۔

2.3 ۔ سائنس کی حدود : سائنس کے ذریعہ حاصل کردہ علم کا تعلق دینی، روحانی ، اخلاقی معاملات سے نہیں ہے ۔ سائنس صرف مادی اشیاء کے بارے میں معلومات مہیا کرتی ہے ۔

مشق: معروضی سوالات : کثیرالانتخابی طرز

نوٹ : ذیل میں ہر سوال کے نیچے 4 امکانی جواب دیے گئے ہیں۔ جن میں صرف ایک جواب درست ترین ہے ۔ درست ترین جواب کے حرف کے گرد دائرہ لگائیں ۔

1۔ سب سے پہلا خلائی جہاز کس نے خلا میں بھیجا ؟

1 ۔ امریکہ
2 ۔ روس
3 ۔ فرانس
4 ۔ چین

2 ۔ بنیادی سائنس انسان میں ـــــ کو سمجھنے کی صلاحیت پیدا کرتی ہے ۔

1 ۔ ماحول
2 ۔ قدرت
3 ۔ آب و ہوا
4 ۔ موسم

3 ۔ خلائی سائنس میں حیرت انگیز ترقی ـــــ کی ایجاد سے ہوئی ہے۔

1 ۔ اسپٹنک
2 ۔ کمپیوٹر
3 ۔ ایکس ریز
4 ۔ لیزرز

4 ۔ تابکار شعاعوں سے علاج کیا جاتا ہے ۔

1 ۔ نمونیہ کا
2 ۔ تپ محرقہ کا
3 ۔ سرطان کا
4 ۔ ذیابطیس کا

5 ۔ پاور ری ایکٹر نے ـــــ بجلی کی توانائی کا حصول ممکن بنا دیا ہے ۔

1 ۔ ایٹم سے

2 ۔ ہوا سے

3 ۔ پانی سے

4 ۔ سورج سے

6 ۔ کس نے ڈبل روٹی پر لگی ہوئی الّی سے پنسلین نکالی ؟

1 ۔ رانجن نے

2 ۔ البیرونی نے

3 ۔ مارکونی نے

4 ۔ فلیمنگ نے

7 ۔ ہوائی جہاز کے متعلق علم کو کہتے ہیں ۔

1 ۔ مکینکل انجینئرنگ

2 ۔ الیکٹریکل انجینئرنگ

3 ۔ ائرونائیکل انجینئرنگ

4 ۔ خلائی انجینئرنگ

8 ۔ سائنس عقلی دلائل میں قدرتی اور تجرباتی ـــــ کا سہارا لیتی ہے ۔

1 ۔ وجوہات

2 ۔ نظریات

3 ۔ مشاہدات

4 ۔ واقعات

9۔ انسانی زندگی کے ——— پہلوؤں سے سائنس کا کوئی واسطہ نہیں۔

1 ۔ مادی

2 ۔ اخلاقی

3 ۔ جمالیاتی

4 ۔ روحانی اور اخلاقی

معروضی سوالات : تکمیلی طرز

نوٹ : ذیل میں نامکمل فقرات کو مناسب الفاظ سے مکمل کیجیے ۔

1 ۔ انسانی دل کی مختلف بیماریوں کی تشخیص کا آلہ ـــــ کہلاتا ہے ۔

2 ۔ ـــــ شعاعیں سخت ترین اجسام کو پگھلا کر بخارات میں تبدیل کردیتی ہیں ۔

3 ۔ جن شعاعوں کی مدد سے خون اور جلد کی بیماریوں اور سرطان کا علاج کیا جاتا ہے وہ ـــــ شعاعیں کہلاتی ہیں ۔

4 ۔ ایسا خودکار آلہ جو بذات خود سوچنے کا اہل نہیں لیکن لمبے چوڑے حسابات کو بہت جلد اور درست حل کرنے میں مدد دیتا ہے ـــــ کہلاتا ہے ۔

5 ۔ 1957ء میں روس نے خلا میں جو پہلا جہاز بھیجا اس کا نام ـــــ ہے ۔

6 ۔ طب، زراعت اور انجینئرنگ کے بعد دوا سازی ـــــ کا حصہ ہے ۔

7 ۔ پاور ری ایکٹر نے ـــــ سے بجلی کی توانائی کا حصول ممکن بنا دیا ہے ۔

معروضی سوالات بیانیہ طرز : (صحیح اور غلط بیان پر مبنی)

نوٹ : ذیل میں دیے گئے بیانات کو غور سے پڑھیے جو بیانات صحیح ہیں ان کے شروع میں خالی جگہ پر " ص " کا حرف لکھیے اور جو بیانات غلط ہیں ان کے شروع میں خالی جگہ پر حرف " غ " لکھیے۔

_____ 1 ۔ رانجن نے ڈبل روٹی پر لگی ہوئی الٹی سے پنسلین نکالی ۔

_____ 2 ۔ آنکھ کے پردے کی جراحی کے لیے لیزرز شعاعوں کا استعمال کیا جاتا ہے ۔

_____ 3 ۔ رانجن نے ایکس ریز 1905ء میں دریافت کیں ۔

_____ 4 ۔ دھاتوں کو ان کی قدرتی کچ دھاتوں سے الگ کر کے مفید تر بنانا اور انہیں زنگ سے محفوظ رکھنا مکینیکل انجینئرنگ سے متعلق ہے ۔

_____ 5 ۔ طب ، زراعت ، انجینئرنگ اور دوا سازی کی ترقی میں ٹیکنالوجی نمایاں ہے ۔

_____ 6 ۔ دریاؤں پر بند باندھنا اور سڑکیں بنانا تعمیراتی انجینئرنگ کا کام ہے ۔

_____ 7 ۔ پاور ری ایکٹر نے ایٹم سے بجلی کی توانائی کا حصول ممکن بنا دیا ہے ۔

_____ 8 ۔ الیکٹرو کارڈیو گرام سے جلدی امراض کا علاج کیا جاتا ہے۔

_____ 9 ۔ طبیعات کی جدید ترین ایجاد لیزرز کا ٹائیفائڈ میں استعمال ہوتا ہے ۔

_____ 10 ۔ خلیے کے مطالعہ سے موروثی بیماریوں کا علاج ممکن ہو گیا ہے۔

_____ 11 ۔ ہائیڈروجن اور آکسیجن کے ملاپ سے گلوکوز بنتا ہے ۔

_____ 12 ۔ تابکار شعاعوں سے دل کی بیماری کا علاج کیا جاتا ہے۔

_____ 13 ۔ بجلی سے چلنے والے آلات کی تیاری اور مرمت الیکٹریکل انجینئرنگ کا کام ہے ۔

معروضی سوالات : بطرز مطابقت

نوٹ : ذیل میں دیے گئے دونوں سیٹوں کے مندرجات کو باہمی تعلق کی بنا پر یکجا کیجیے ۔

سوال

سیٹ الف	سیٹ ب
ـــــ (الف) الیکٹریکل انجینئرنگ	(1) پودوں اور فصلوں کی کاشت
ـــــ (ب) تعمیراتی انجینئرنگ	(2) گاڑیوں، مشینوں اور جہازوں کی تیاری
ـــــ (ج) سول انجینئرنگ	(3) عمارات کے نمونے بنانا ۔
ـــــ (د) میکینیکل انجینئرنگ	(4) بجلی کی پیداوار اور تقسیم
ـــــ (ر) ایروناٹیکل انجینئرنگ	(5) دریاؤں پر بند باندھنا
ـــــ (س) میٹالرجیکل انجینئرنگ	(6) دواؤں کی تیاری
ـــــ (ش) کیمیکل انجینئرنگ	(7) راکٹ کی تیاری
ـــــ (ف) نیوکلیر انجینئرنگ	(8) جیٹ ہوائی جہاز
ـــــ (ک) خلائی انجینئرنگ	(9) پلاسٹک کے برتن اور نائلون کی تیاری
	(10) ایٹمی توانائی سے بجلی کی تیاری
	(11) آنکھ کے پردے کی جراحی
	(12) دھاتوں کی تخلیص

باب 2

معروضی سوالات کے جـــوا بـــات

1۔ کثیرالانتخابی طرز

سوال نمبر	جواب
1	2
2	2
3	1
4	3
5	1
6	4
7	3
8	4
9	3
10	4

2۔ تکمیلی طرز

سوال نمبر	جواب
1	الیکٹرو کارڈیو گرام
2	لیزر
3	تابکار شعاعیں
4	کمپیوٹر
5	اسپتنک
6	ٹیکنالوجی
7	ایٹم

3۔ صحیح غلط بیانیہ طرز بیانات پر مبنی

سوال نمبر	جواب
1	غ
2	ص
3	غ
4	غ
5	ص
6	غ
7	ص
8	غ
9	غ
10	ص
11	غ
12	غ
13	ص

4۔ بطرز مطابقت

سوال نمبر۔	جراب
الف	4
ب	3
ج	5
د	2
ر	8
س	12
ش	9
ف	10
ک	7

باب 3

عنوان : خلیہ بطور جانداروں کی زندگی کی بنیاد

ذیلی عنوانات

3.1 ۔ خلیہ بطور جانداروں کی زندگی کی بنیاد : خلیہ اور اس کی ترکیب
۔ خلیے کی تقسیم

3.2 ۔ وراثت :
- توارث اور تغیرات
- قوانین وراثت (مینڈل کا قانون)
- جینیات اور انسان
- جانداروں میں نسل کشی

مشق معروضی سوالات : کثیر الانتخابی طرز

نوٹ : ذیل میں ہر سوال کے نیچے 4 امکانی جواب دیئے گئے ہیں جن میں صرف ایک جواب درست ترین ہے۔درست ترین جواب کے حرف کے گرد دائرہ لگائیں۔

1 ۔ تمام عناصر کی ساخت کی بنیادی اکائی کیا ہے ؟

1 ۔ اینٹ
2 ۔ ریت
3 ۔ مٹی
4 ۔ ایٹم

2 ۔ تمام جانداروں کی ساخت کی بنیادی اکائی کیا ہے ؟

1 ۔ کلوروفل
2 ۔ خون
3 ۔ وریڈ
4 ۔ خلیہ

3 ۔ جانداروں میں ایک مادہ پایا جاتا ہے جو تمام حیاتیاتی افعال انجام دیتا ہے ۔

1 ۔ حیاتین
2 ۔ سلائیوا
3 ۔ پروٹو پلازم
4 ۔ اینزائم

4 ۔ خلیہ میں مرکزہ کی دریافت کا سہرا کس کے سر ہے ؟

1 ۔ رابرٹ ہک
2 ۔ مینڈل
3 ۔ رابرٹ براؤن
4 ۔ شیوان

5 ۔ سیل ممبرین ایک پتلی سی جھلی ہے جو سیل میں مختلف چیزوں کے ـــــ کو کنٹرول کرتی ہے ۔

1 ۔ ہاضمہ
2 ۔ عمل تقسیم
3 ۔ داخلے اور اخراج
4 ۔ تنفس

6 ۔ سیل کے تمام افعال کو ـــــ کنٹرول کرتا ہے ۔

1 ۔ سیلولوز
2 ۔ سیل ممبرین
3 ۔ پروٹو پلازم
4 ۔ مرکزہ

7 ۔ کروموسوم ـــــ میں موجود ہوتے ہیں ۔

1 ۔ سینٹرو سوم
2 ۔ مرکزہ
3 ۔ سائٹو پلازم
4 ۔ خلیہ کی جھلی

8 ۔ کروموسوم پر موجود ـــــ وراثت کے ذمہ دار ہوتے ہیں ۔

1 ۔ پروٹین
2 ۔ سنٹرومیر
3 ۔ جینز
4 ۔ ڈی ۔ این ۔ اے

9 ۔ پودوں کے خلیہ کی دیوار ـــــ ہے ۔

1 ۔ سکروز
2 ۔ مالٹوز
3 ۔ سیلولوز
4 ۔ رائبوز

10 ۔ پودوں کے خلیہ میں قرص نما اجسام جو پودوں کی خوراک کی تیاری ـــــ میں مدد دیتے ہیں ۔

1 ۔ مرکزہ

2 ۔ سائیٹو پلازم

3 ۔ پلاسٹڈز

4 ۔ خلیہ کی دیوار

11 ۔ میل کی تقسیم جس میں مرکزہ اور سائٹوپلازم مساوی طور پر تقسیم ہوں ـــــ کہلاتی ہے ۔

1 ۔ اے مائی ٹوسس

2 ۔ مے اوسس

3 ۔ مائی ٹوسس

4 ۔ سائی ٹو کائینسس

12 ۔ انسان میں کروموسومز کی تعداد ـــــ ہوتی ہے ۔

1 ۔ 42

2 ۔ 44

3 ۔ 45

4 ۔ 46

13 ۔ خصوصیتوں کا نسل در نسل انتقال ـــــ کہلاتا ہے ۔

1 ۔ صفت

2 ۔ وراثت

3 ۔ مشابہت

4 ۔ تغیرات

14 ۔ سائنس کی وہ شاخ جس میں ہم جانداروں کی مشابہت ، وراثت اور تغیرات کا مطالعہ کرتے ہیں وہ ـــــ کہلاتی ہے ۔

1 ۔ سائٹولوجی
2 ۔ جنٹیکس
3 ۔ مارفالوجی
4 ۔ سائیکالوجی

15 ۔ قانون وراثت کی وضاحت کرنے والے سائنس دان کا نام ـــــ ہے ۔

1 ۔ ارسطو
2 ۔ جابر بن حیان
3 ۔ مینڈل
4 ۔ ایڈیسن

16 ۔ جین جوڑوں کی صورت میں ہوتی ہیں اور انھیں ـــــ کہتے ہیں ۔

1 ۔ مبادلے
2 ۔ میزوفیل
3 ۔ سنٹومیر
4 ۔ کروموٹڈ

معروضی سوالات تکملہ طرز

نوٹ : مندرجہ ذیل نا مکمل فقرات کو مناسب الفاظ سے مکمل کریں -

1 ۔ تمام جانداروں کی ساخت کی بنیادی اکائی ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ہے -

2 ۔ رابرٹ ہک نے خلیے کی دریافت ۔ ۔ ۔ ۔ میں کی -

3 ۔ خلیے کا مرکزہ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ نے دریافت کیا ۔

4 ۔ خلیے کی جھلی اور مرکز کے درمیان ۔ ۔ ۔ ۔ پایا جاتا ہے -

5 ۔ سائیٹو پلازم میں بے جان اجسام ۔ ۔ ۔ ۔ اور چربی کے مادہ کی صورت میں ہوتے ہیں -

6 ۔ سینٹرو سوم ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کے باہر ہوتا ہے -

7 ۔ پودوں کے خلیوں میں سیل میمبرین کے ساتھ ساتھ ۔ ۔ ۔ بھی پائی جاتی ہے -

8 ۔ مرکز کے گرد ایک پتلی جھلی ہوتی ہے جسے ۔ ۔ ۔ کہتے ہیں -

9 ۔ مرکز میں دھاگے نما اجسام پائے جاتے ہیں - جن کو ۔ ۔ ۔ کہتے ہیں -

10 ۔ خلیے کی بالواسطہ تقسیم کو ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ کہا جاتا ہے -

11 ۔ دونوں سینٹرو سومز کے ریشے ملنے سے ـــــ ایک تشکیل پاتا ہے ۔

12 ۔ موروثی عناصر کے نظریے کو ـــ ـــ ـــ نے پیش کیا ۔

13 ۔ مینڈل نے ـــ ـــ ـــ کے بنیادی قانون پیش کیے ۔

معروضی سوالات : بیانیہ طرز (صحیح اور غلط بیانات پر مبنی)

نوٹ : ذیل میں دیے گئے بیانات کو غور سے پڑھیے جو بیانات صحیح ہیں ان کے شروع میں خالی جگہ پر ''ص'' کا حرف لکھیے اور جو بیانات غلط ہیں ان کے شروع میں خالی جگہ پر حرف ''غ'' لکھیے ۔

_____ 1 ۔ کائنات میں تمام چیزیں عناصر اور مرکبات پر مشتمل ہیں۔

_____ 2 ۔ جانداروں کی ساخت کی بنیادی اکائی ایٹم ہے ۔

_____ 3 ۔ تمام جانداروں کے خلیوں میں مادہ حیات یا پروٹو پلازم ہوتا ہے

_____ 4 ۔ خلیے کی دریافت کا سہرا ایڈیسن کے سر ہے ۔

_____ 5 ۔ رابرٹ براؤن نے 1848ء میں خلیوں کے مرکزہ کو دریافت کیا

_____ 6 ۔ مرکزہ عموماً خلیے کے باہر پایا جاتا ہے ۔

_____ 7 ۔ پودوں کے خلیے کی دیوار پتلی اور جاندار ہوتی ہے ۔

_____ 8 ۔ مرکزہ خلیے کے تمام افعال کو کنٹرول کرتا ہے ۔

_____ 9 ۔ تمام جاندار اپنی زندگی ایک خلیے سے شروع کرتے ہیں

_____ 10 ۔ جب خلیہ اپنی پوری جسامت کو پہنچتا ہے تو تین ذیلی خلیوں میں تقسیم ہوجاتا ہے ۔

_____ 11 ۔ مائی ٹوسز میں خلیہ کا مرکزہ اور سائیٹو پلازم دونوں برابر تقسیم ہوجاتے ہیں ۔

_____ 12 ۔ ری ڈکشن ڈویژن کے ذریعے نر اور مادہ گیمٹس میں کروموسومز کی تعداد دوگنی ہوجاتی ہے ۔

_____ 13 ۔ والدین اور بچوں کے درمیان خصوصیت کے تسلسل کا رابطہ وراثت کہلاتا ہے ۔

14 ۔ حیاتیاتی سائنس جس میں وراثت کا مطالعہ کرتے ہیں علم حیاتیات کہلاتی ہے ۔

13 ۔ جاندار کی ہر خاصیت کو ایک جین کنٹرول کرتی ہے ۔

10 ۔ جینز کے جوڑوں میں سے ایک مبادلیہ دوسری مبادلیہ پر غالب ہو سکتی ہے ۔

1 ۔ لاء آف سگری گیشن (Law of segregation) کے مطابق ہر صفت کو کنٹرول کرنے کے لیے جینز کے دو جوڑے ہوتے ہیں ۔

معروضی سوالات : بطرز مطابقت

نوٹ : ذیل میں دیے گئے دونوں کالموں کے مندرجات کو باہمی تعلق کی بنا پر یکجا کیجیے۔

سوال نمبر 1

کالم الف	کالم ب
___ الف ۔ دھاگا نما اشکال	1 ۔ گریگر جوہین مینڈل
___ ب ۔ وراثت کے قوانین	2 ۔ دوغلا پن
___ ج ۔ جینز کی کیمیائی ساخت میں تبدیلی	3 ۔ تغیر کا باعث
	4 ۔ سائٹو پلازم
___ د ۔ خلیے کی دریافت	5 ۔ رابرٹ ھک
___ ر ۔ شفاف دانے دار گاڑھا سیال	6 ۔ مبادلے
___ س ۔ ذیلی خلیے میں کروموسومز کی تعداد	7 ۔ کروموسومز
	8 ۔ اصل سے آدھی
___ ک ۔ ری ڈکشن ڈویژن	9 ۔ می اوسز
___ ل ۔ جینز کے جوڑے کے ارکان	10 ۔ جاندازوں میں ارتقا

سوال نمبر 2

کالم الف	کالم ب
ـــــ الف ۔ سیل میں حیاتیاتی کام انجام دیتا ہے	1 ۔ رابرٹ براؤن
	2 ۔ بلواسطہ تقسیم
ـــــ ب ۔ اخراج اور اندراج کا کنٹرول	3 ۔ دواڑدن
ـــــ ج ۔ سیل کے تمام افعال کا کنٹرول	4 ۔ خلیے کی جھلی
ـــــ د ۔ سیلولوز کی بنی ہوتی ہیں	5 ۔ پودوں کا خلیہ
ـــــ ر ۔ دو ذیلی خلیے	6 ۔ پروٹو پلازم
ـــــ س ۔ مرکزہ اور سائٹو پلازم کی تقسیم	7 ۔ گیمیٹس
ـــــ ک ۔ بڑا وسطی خلا	8 ۔ سیل وال
ـــــ ل ۔ مادہ حیات کی دریافت	9 ۔ مرکزہ
ـــــ م ۔ مرکزہ	10 ۔ پروٹین

باب 3

معروضی سوالات کے جوابات

1۔ کثیرالانتخابی طرز

سوال	جواب	سوال	جواب	سوال	جواب
1	4	8	3	15	3
2	4	9	3	16	1
3	3	10	3		
4	3	11	3		
5	3	12	4		
6	4	13	2		
7	2	14	2		

2۔ تکمیلی طرز

سوال	جواب	سوال	جواب
1	خلیہ	11	تکملہ
2	1665ء	12	مینڈل
3	رابرٹ براؤن	13	وراثت
4	سائٹو پلازم		
5	ویکیول		
6	نیوکلیس		
7	سیل وال		
8	مرکزہ کی جھلی		
9	کروموسوم		
10	مائی ٹوسسز		

3 ۔ بیانیہ طرز (صحیح اور غلط بیانات پر مبنی)

سوال	جواب	سوال	جواب
1	ص	11	ص
2	غ	12	غ
3	ص	13	ص
4	غ	14	غ
5	غ	15	ص
6	غ	16	ص
7	غ	17	ص
8	ص		
9	ص		
10	غ		

4 ۔ بطرز مطابقت کے سوالات

سوال نمبر 1

سوال	جواب
الف	7
ب	1
ج	3
د	5
ر	4
س	8
ک	9
ل	6

سوال نمبر 2

سوال	جواب
الف	6
ب	4
ج	9
د	8
ر	7
س	2
ک	5
ل	3
م	1

باب 4

عنوان : انسانی جسم کی کارکردگی

ذیلی عنوانات :

4.1 ۔ نظام انہضام : مختلف اعضاٗ کی ساخت اور ان کے افعال ہاضمہ کا عمل ، ہضم شدہ خوراک کا انجذاب ۔

4.2 ۔ نظام دوران خون : دل ، شریانیں ، رگیں ، وریدیں ، خون کی ساخت اور فعل ، نبض کی رفتار ، نقطہ دباؤ ، بلڈ پریشر کے عوارض اور ان کا انسداد ۔

4.3 ۔ نظام اخراج : نظام اخراج کے اعضاٗ ، پھیپھڑے ، گردے اور جلد ۔ گردوں اور جلد کی ساخت اور افعال ۔ جسم کی تپش کا کنٹرول ۔

4.4 ۔ نظام عصبی : دماغ ، حرام مغز ، اعصاب ، حسی اعصاب حرکی اعصاب ، غیر ارادی فعل ، عصبی نظام پر ہارمونز کا اثر ۔

معروضی سوالات : کثیرالانتخابی طرز

نوٹ : ذیل میں ہر سوال کے نیچے 4 امکانی جواب دیے گئے ہیں۔ جن میں صرف ایک جواب درست ترین ہے ۔ درست ترین جواب کے گرد دائرہ لگائیں ۔

1 ۔ ہضم شدہ خوراک جب خون میں شامل ہوکر آکسیجن سے ملتی ہے تو ـــــ حاصل ہوتی ہے۔

1 ۔ کمزوری
2 ۔ توانائی
3 ۔ خوراک
4 ۔ بینائی

2 ۔ خوراک کو قابل نفوذ اجزاٗ میں تبدیل کرنے کا نام انہضام ہے۔ اس عمل کو ـــــ سے مدد ملتی ہے۔

1 ۔ پانی
2 ۔ خوراک
3 ۔ ہوا
4 ۔ خامرے

3 ۔ نشاستہ والی خوراک بکل کیویٹی میں موجود سلائیوا کے ایک اینزائم ـــــ کی مدد سے گلوکوز میں تبدیل ہوتی ہے۔

1 ۔ سکروز
2 ۔ پروٹین
3 ۔ ٹایالن
4 ۔ رینن

4 ۔ خوراک کو گلانے اور جراثیم کو مارنے کا کام ـــــ کرتا ہے۔

1 ۔ وائرس
2 ۔ پلازموڈیم
3 ۔ نمک کا تیزاب
4 ۔ گلوکوز

5 ۔ معدہ میں ایک اینزائم پایا جاتا ہے۔ جو پروٹین والی خوراک کو پیٹونز میں تبدیل کردیتا ہے۔

1 ۔ رینین

2 ۔ گوانین

3 ۔ پیپسین

4 ۔ سائیٹوسین

6 ۔ جگر سے آنے والا اینزائم جو خوراک کی تیزابیت کو دور کرتا ہے۔ اور فیٹس کو چھوٹے چھوٹے سالموں میں توڑ دیتا ہے وہ ۔ ۔ ۔ کہلاتا ہے۔

1 ۔ ڈکٹ

2 ۔ پیپسن

3 ۔ صفرا

4 ۔ رینن

7 ۔ ہضم شدہ خوراک جب چھوٹی آنت سے گزرتی ہے تو ـــ ـــ میں موجود شریانوں اور وریدوں کے جال خوراک کے قابل تفوز حصے کو خون میں جذب کر لیتے ہیں۔

1 ۔ گلینڈز

2 ۔ ولائی

3 ۔ بڑی آنت

4 ۔ ڈیوڈینم (بارہ انگشتی)

8 ۔ انسانی جسم میں دوران خون کا اہم عضو ـــ ـــ ہے۔

1 ۔ پھیپھڑے

2 ۔ دل

3 ۔ جگر

4 ۔ گردے

9 ۔ دل کو خشک ہونے اور جھٹکوں سے بچانا ۔ ۔ ۔ کا کام ہے ۔

1 ۔ پیری کارڈیم

2 ۔ پرائیٹل لیر

3 ۔ پیری کارڈئیل فلوئیڈ

4 ۔ وسرل لیئر

10 ۔ جسم کے مختلف حصوں سے ناصاف خون جمع ہو کر ۔ ۔ ۔ میں آجاتا ہے ۔

1 ۔ دماغ

2 ۔ بائیں آذن

3 ۔ دائیں آذن

4 ۔ بطن

11 ۔ پھیپھڑوں سے صاف خون بذریعہ ـــــ اکٹھا کیا جاتا ہے ۔

1 ۔ پلمونری شریان

2 ۔ پورٹل ورید

3 ۔ پلمونری ورید

4 ۔ ٹرنکس آٹیریوسس

12 ۔ بائیں بطن سے صاف خون ۔ ۔ ۔ ۔ میں جاتا ہے ۔

1 ۔ دل

2 ۔ شریان

3 ۔ ورید

4 ۔ اورطہ

13 ۔ گردوں کر خون مہیا کرنے والی شریان کا نام ۔۔۔۔ ہے ۔

1 ۔ کروٹیڈ

2 ۔ سلیک شریان

3 ۔ رینل شریان

4 ۔ اورٹک آرچ

14 ۔ دل سے خون جسم کو بھیجنے والی نالیاں ـــ ـــ کہلاتی ہیں ۔

1 ۔ وریدیں

2 ۔ باریک نالیاں (کیپلریز)

3 ۔ ٹشو

4 ۔ شریانیں

15 ۔ خون کی ایسی باریک نالیاں جہاں آکسیجن ، خوراک اور بے کار مادوں کا تبادلہ ہوتا ہے ـــ ـــ کہلاتی ہیں ۔

1 ۔ بافت

2 ۔ وریدیں

3 ۔ باریک نالیاں (کیپلریز)

4 ۔ لمف

16 ۔ زخم کے منہ پر جال بنا کر خون بند کردینے والے مادے کا نام ـــ ہے

1 ۔ پلازمہ

2 ۔ فائبرینوجین

3 ۔ ہیموگلوبین

4 ۔ پانی

17۔ خون کے سرخ جسیمے میں ـــ ـــ نہیں ہوتا ہے۔

1 ۔ پروٹوپلازم
2 ۔ سیرم
3 ۔ مرکزہ
4 ۔ پانی

18 آکسیجن جسم کے مختلف حصوں کو پہنچانے کا کام خون کا سرخ جسیمہ کرتا ہے اور اس کی وجہ اس میں موجود کیمیائی مادہ ـــ ـــ ہوتا ہے۔

1 ۔ فائبرینوجین
2 ۔ سائٹوسین
3 ۔ ہیموگلوبین
4 ۔ جین

19 ۔ اگر خون میں سرخ جسیموں کی کمی ہوجائے تو ایک بیماری ہوتی ہے۔ جس کا نام ـــــ ہے۔

1 ۔ ملیریا
2 ۔ ٹائیفائیڈ
3 ۔ انیمیا
4 ۔ ٹی ۔ بی

20 ۔ خون میں سفید جسیموں کی زیادتی سے ہونے والی بیماری کا نام ـــ ہے

1 ۔ ٹرکوما
2 ۔ ایکزیما
3 ۔ لیوکیمیا
4 ۔ ملیریا

21 ۔ عام حالات میں نبض کی رفتار ـــ ـــ مرتبہ فی منٹ ہوتی ہے ۔

1 ۔ 73

2 ۔ 74

3 ۔ 72

4 ۔ 0

22 ۔ وہ دباؤ جو خون شریانوں کی دیواروں پر ڈالتا ہے ۔ ۔ ۔ ۔ کہلا
ہے ۔

1 ۔ پریشر

2 ۔ بلڈ پریشر

3 ۔ ایکسکریشن

4 ۔ ڈپریشن

23 ۔ جسم میں پیدا ہونے والے بیکار مادوں کے باہر نکلنے کو ـــ کہتے ہیں

1 ۔ تنفس

2 ۔ ہضم

3 ۔ اخراج

4 ۔ دوران خون

24 ۔ بیکار مادوں کے اخراج میں سب سے اہم اور زیادہ کام کرنے والے عض
کا نام ـــــ ہے ۔

1 ۔ ناک

2 ۔ سانس کی نالی

3 ۔ گردے

4 ۔ پھیپھڑے

25 ۔ ایسے کیمیائی مادے جو ڈکٹلس گلینڈ میں پیدا ہوتے ہیں ـــــ
کہلاتے ہیں ۔

1 ۔ خون

2 ۔ ہارمون

3 ۔ فوٹون

4 ۔ سائیٹوسوم

معروضی سوالات تکمیلی طرز

نوٹ ۔ مندرجہ ذیل نامکمل فقرات کو مناسب الفاظ سے مکمل کریں ۔

1 ۔ خوراک کے وہ اجزاء جو چھوٹی آنت کی ولائی سے خون میں شامل ہو جاتے ہیں ۔ ۔ ۔ ۔ اجزا کہلاتے ہیں ۔

2 ۔ نظام ہضم میں ناقابل نفوذ اجزا ـــــ کی مدد سے قابل نفوذ اجزا میں تبدیل ہوجاتے ہیں ۔

3 ۔ نظام انہضام کا عمل ایک لمبی نالی ۔ ۔ ۔ ۔ میں ہوتا ہے ۔

4 ۔ لعاب دہن میں ایک خامرہ ـــــ ہوتا ہے ۔

5 ۔ شکمی رس میں ایک تیزاب ۔ ۔ ۔ ۔ ہوتا ہے ۔

6 ۔ پیری کارڈیئم ۔ ۔ ۔ ۔ پر مشتمل ہوتا ہے ۔

7 ۔ چھوٹی آنت کے پچھلے حصہ میں بہت سے انگشت نما ۔ ۔ ۔ ۔ ہوتے ہیں ۔

8 ۔ ۔ ۔ ۔ قابل نفوذ ہے اور خون میں جلد جذب ہو جاتا ہے ۔

9 ۔ وہ نالیاں جو خون کو دل سے اعضا تک لیجاتی ہیں ـــــ کہلاتی ہیں ۔

10 ۔ شریانیں تقسیم در تقسیم ہوکر ـــــ بناتی ہیں ۔

11 ۔ دل ایک تھیلی نما ساخت ـــــ میں ملفوف ہوتا ہے ۔

12 ۔ دل سے پھیپھڑوں کی طرف خون لیجانے والی شریان کو ـــــ کہتے ہیں ۔

13 ۔ ـــــ شریانیں ٹانگوں کو خون مہیا کرتی ہیں ۔

15 ۔ گردے جو پیٹ میں ـــــ کے دائیں بائیں ہوتے ہیں ۔

16 ۔ ـــــ تمام نظاموں کو ہدایات بھیجتا ہے ۔

17 ۔ مرکزی نظام عصبی میں دماغ حرام مغز اور ـــــ شامل ہوتے ہیں ۔

18 ۔ سیریبرل ہیمی سفیئرز سے آگے دو ـــــ ہوتے ہیں ۔

19 ۔ تھائنڈ برین ـــــ اور میڈولا اوبلونگیٹا پر مشتمل ہوتا ہے ۔

20 ۔ ـــــ ایسے مادے ہیں جو ڈکٹلیس غدودوں میں پیدا ہوتے ہیں ۔

21 ۔ جلد جسم کے درجہ حرارت کو ـــــ پر رکھتی ہے ۔

انسانی جسم کی کارکردگی

بیانیہ طرز (صحیح اور غلط بیانات پر مبنی)

نوٹ : ذیل میں دیے گئے بیانات کو غور سے پڑھیے جو بیانات صحیح ہیں ان کے شروع میں دی گئی جگہ پر حرف ''ص'' لکھیے اور جو بیانات غلط ہیں ان کے شروع میں حرف ''غ'' لکھیے۔

____ 1۔ خامرے ناقابل نفوذ اجزاء کو قابل نفوذ اجزاء میں تبدیل کردیتے ہیں۔

____ 2۔ بکل کیویٹی میں پانچ جوڑے سلائیوری گلینڈز کے ہوتے ہیں۔

____ 3۔ خامرہ ٹایالن تیزابی خاصیت رکھتا ہے۔

____ 4۔ شکمی رس قلوی خاصیت رکھتا ہے۔

____ 5۔ پیپسن صرف تیزابی ماحول میں لحمیات کو پیپٹونز میں تبدیل کرتا ہے۔

____ 6۔ صفرا خوراک کی تیزابیت کو زائل کرتا ہے۔

____ 7۔ لبلبے کے رس میں 27 خامرے ہوتے ہیں۔

____ 8۔ چھوٹی آنت کے پچھلے حصہ میں بے شمار ولائی ہوتے ہیں۔

____ 9۔ کسی چیز کا آکسیجن سے ملاپ عمل تکسید کہلاتا ہے۔

____ 10۔ شریانیں تمام جسم سے خون دل کی طرف لے جاتی ہیں۔

____ 11۔ کیروٹڈ شریان ٹانگوں کو خون مہیا کرتی ہے۔

____ 12۔ رینل شریانیں گردوں کو خون مہیا کرتی ہیں۔

____ 13۔ سب کلیوین شریان گردن کو خون مہیا کرتی ہے۔

____ 14۔ وریدیں جسم کے مختلف حصوں سے دل کو خون مہیا کرتی ہیں۔

15 _____ خون چالیس فی صد پلازمہ اور پچیس فی صد خلیوں
مشتمل ہوتا ہے۔

16 _____ فائبرینوجین زخم کے منہ پر جالی بناتا ہے۔

17 _____ ہیموگلوبن گلابی رنگ کا کیمیائی مادہ ہوتا ہے۔

18 _____ خون کی کمی کو انیمیا کہتے ہیں۔

19 _____ سفید جسیموں کو جسم کی پولیس کہاجاتا ہے۔

20 _____ خون جسم کے ٹیمپریچر کو برقرار رکھتا ہے۔

21 _____ عام حالات میں نبض کی رفتار ایک منٹ میں 82 دف
ہوتی ہے۔

22 _____ خون کا وہ دباؤ جو وہ شریانوں کی دیواروں پر ڈالتا
بلڈ پریشر کہلاتا ہے۔

23 _____ گردے کی طولی تراش میں باہر والے حصہ کو
کہتے ہیں۔

24 _____ حرام مغز سے اعصاب کے چالیس جوڑے نکلتے ہیں۔

25 _____ چھینکنے اور کھانسنے جیسے ریفلیکس ایکشنز کا
دماغ سے ہوتا ہے۔

معروضی سوالات طرز مطابقت

نوٹ : ذیل میں دیے گئے دونوں کالموں کے مندرجات کو ان کے باہمی تعلق کی بناپر یکجا کیجیے ۔

کالم الف	کالم ب
الف ۔ سلائیوا کا ایک خامرہ	1 ۔ لبلبے کا رس
ب ۔ پروٹین کے ہضم کا باعث	2 ۔ صفرا
ج ۔ لبلبہ کی رطوبت	3 ۔ لعاب دھن
د ۔ چکنائی کے ہضم کا سبب	4 ۔ ٹایالن
ر ۔ خوراک کو قابل نفوذ بنانے والے عوامل	5 ۔ گلوکوز یا سادہ شکر
	6 ۔ پیپسن
س۔ جوف دھن کی رطوبت	7 ۔ شکمی رس
ش۔ نشاستے کا ہضم ہونے کے بعد نام	8 ۔ نمک کا تیزاب
	9 ۔ خامرے
ق۔ معدے کے غدود کا افراز	10۔ سالمے
ل۔ جراثیم اور بیکٹیریا کی ہلاکت کا باعث	11۔ پیپٹونز

نوٹ : ذیل میں دیے گئے دونوں کالموں کے مندرجات کو ان کے باہمی تعلق کی بنا پر یکجا کیجیے ۔

کالم الف	کالم ب
الف ۔ خون کے بہاؤ کو روکنے میں مدد دیتا ہے ۔	1 ۔ سفید جسیمہ
	2 ۔ خون
ب ۔ پسینے کے اخراج کا ذریعہ	3 ۔ ہیموگلوبن

ج - لیوکیمیا کا باعث

د - آکسیجن اور قابل نفوذ خوراک کی گردش کا ذریعہ

ر - خون کی سرخی کی وجہ

س - دل میں سے خون لے جانے والی کوئی بھی نالی -

ش - خون میں موجود پروٹین

ق انفیرٹیر ونیا کیوا کے کھلنے کی جگہ

4 - ورید

5 - بلڈ پلیٹلٹس

6 - پسینہ کے غدود

7 - دایاں اذن

8 - شریان

9 - فائبر نوجن

10 - کنکٹیو ٹشو

باب 4

معروضی سوالات کے جوابات

1۔ کثیرالانتخابی طرز

سوال	جواب	سوال	جواب	سوال	جواب	سوال	جواب
1	2	9	3	17	3	25	2
2	4	10	3	18	3		
3	3	11	3	19	3		
4	3	12	4	20	3		
5	3	13	3	21	3		
6	3	14	4	22	2		
7	2	15	3	23	3		
8	2	16	2	24	3		

2۔ تکمیلی طرز

سوال	جواب	سوال	جواب	سوال	جواب
1۔	خوراک	10۔	شریانیں	19۔	سیریبیام
2۔	قابل نفوذ	11۔	کیپلریز	20۔	ہارمونز
3۔	انزائیم	12۔	پیری کارڈیم	21۔	اعتدال
4۔	ایلیمنٹری کینال	13۔	پلمونری		
5۔	ٹایالن	14۔	الشیک		
6۔	نمک کا تیزاب	15۔	ریڑھ کی ہڈی		
7۔	دو تہوں	16۔	دماغ		
8۔	ولائی	17۔	اعصاب		
9۔	گلوکوز	18۔	آپٹک لوبز		

3 ۔ بیانیہ طرز صحیح اور غلط بیانات پر مبنی

سوال	جواب	سوال	جواب	سوال	جواب
1	ص	10	غ	19	ص
2	غ	11	غ	20	ص
3	غ	12	ص	21	غ
4	غ	13	غ	22	ص
5	ص	14	ص	23	غ
6	ص	15	غ	24	غ
7	غ	16	ص	25	غ
8	ص	17	غ		
9	ص	18	ص		

4 ۔ بطرز مطابقت

سوال نمبر 1

سوال	جواب	سوال	جواب
الف	4	الف	5
ب	6	ب	6
ج	1	ج	1
د	2	د	2
ر	9	ر	3
س	3	س	8
ش	5	ش	9
ق	7	ق	7
ل	8		

باب 5

عنوان : بیماریاں اور ان کی روک تھام

ذیلی عنوانات :

5.1 ۔ بیماری : بیکٹیریا اور وائرس بطور بیماری کی وجہ ۔

5.2 ۔ چھوت کی بیماریوں کا پھیلاؤ : متعدی اور غیر متعدی بیماریاں ۔ چھوت کی بیماریوں کا پھیلاؤ ۔

5.3 ۔ بیماریوں کے خلاف احتیاطی تدابیر : عام حفاظتی تدابیر بحوالہ ملیریا تپ دق ، پیچش ، چیچک ، پولیو خناق ، خسرہ ۔ تشنج اور سرطان ۔

5.4 ۔ سگریٹ نوشی اور نشہ آور مرکبات کے مضر اثرات :

معروضی سوالات : کثیرالانتخابی طرز

نوٹ : درج ذیل سوالات کے نیچے 4 جوابات دیے گئے ہیں جن میں صرف ایک جواب درست ترین ہے۔ اس کے نمبر پر دائرہ کا نشان لگائیں۔

1۔ انسانی جسم کے اعضاٗ مقرر شدہ کام کرنا چھوڑدیں تو جسم ۔۔ کہلاتا ہے۔

1۔ صحت مند
2۔ مشین
3۔ بیمار
4۔ بوڑھا

2۔ انیسویں صدی کے آخری نصف میں بیماری کا ۔۔ نظریہ دریافت ہوا

1۔ حرارتی
2۔ سیلولر
3۔ جراثیمی
4۔ بائیوجینی سس

3۔ بیماریوں کے جراثیمی نظریہ پیش کرنے والے کا نام ۔۔۔ ہے۔

1۔ رابرٹ براؤن
2۔ مینڈل
3۔ کاک
4۔ رابرٹ ہک

4 ۔ ۔۔۔۔ کی بیماری سے مرنے والے جانوروں کے خون میں سلاخ نما چھوٹے چھوٹے جاندار پائے جاتے ہیں۔

1۔ ہیموفیلیا
2۔ انتھرکس
3۔ وائرس
4۔ اسپورز

5۔ پہلا شخص جس نے 1723ء میں بیکٹیریا دریافت کیا اس کا نام ـــ ہے

1۔ فلیمنگ
2۔ لوئی پاسچر
3۔ لیون ہاک
4۔ ملر

6۔ ایک سیل سے بنے ہوئے جاندار کو ـــ کہتے ہیں۔

1۔ میٹا زوا
2۔ پروٹو زوا
3۔ سائیٹو سوم
4۔ فنجائی

7۔ بیمار انسان سے صحت مند انسان کو بیماری لگ جائے تو ایسی بیماریاں ـــ کہلاتی ہیں۔

1 ۔ غیر چھوتی
2 ۔ موسمی
3 ۔ چھوتی
4 ۔ وراثتی

8 ۔ ہماری غذا میں وٹا من بی کی کمی کی وجہ سے پیدا ہونے والی بیماری کا نام ـــــ ہے۔

1 ۔ چیچک
2 ۔ خسرہ
3 ۔ ملیریا
4 ۔ بیری بیری

9۔ جوؤں سے پیدا ہونے والی بیماری کا نام ـــ ـــ ہے۔

1 ۔ خارش
2 ۔ خسرہ
3 ۔ بخار
4 ۔ ٹائفس

10۔ انسانی جلد اگر کٹ جائے کہیں زخم ہوجائے تو وہاں بے احتیاطی سے جراثیم داخل ہوکر ـــ ـــ بیماری پیدا کرتے ہیں۔

1 ۔ ٹائیفائیڈ
2 ۔ ٹیٹنس
3 ۔ ٹی ۔ بی
4 ۔ ٹروکوما

11۔ مصنوعی قوت مدافعت کی تیاری کے لیے بیماری کے جراثیم کو ہلاک کرکے اس کا محلول تیار کرتے ہیں اس کا نام ـــــ ہے۔

1 ۔ سیرپ
2 ۔ سیرم
3 ۔ ویکسین
4 ۔ پیپسین

12۔ ٹائیفائڈ ـــ ـــ کی وجہ سے ہوتا ہے۔

1 ۔ پلازموڈیم
2 ۔ امیبا
3 ۔ سالمونیلا ٹائیفی
4 ۔ انٹ امیبا

13۔ چیچک کی بیماری ایک خاص قسم کے وائرس ـ ـ ـ سے ہوتی ہے۔

1 ۔ پلازموڈیم
2 ۔ ویریولا وائرس
3 ۔ بیکٹیریا
4 ۔ انٹ امیبا

معروضی سوالات : تکمیلی طرز

نوٹ : مندرجہ ذیل فقرات کو مناسب الفاظ سے مکمل کیجیے -

1 ۔ بقراط نے انسانی جسم کے چار ضروری مادوں کو ـــ ـــ ـــ کا نام دیا ہے -

2 ۔ شراب کے فرمنٹس کو ضائع کرنے کے لیے شراب کو 1/2 گھنٹہ ـــ ـــ ـــ پر گرم کرنا چاہیے -

3 ۔ ریلیپسنگ فیور ایک خاص قسم کے ـــ ـــ ـــ ـــ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے -

4 ۔ وائرس کا لفظی مطلب ـــ ـــ ـــ ہے -

5 ۔ وائرس دیکھنے کے لیے ـــ ـــ استعمال کی جاتی ہے -

6 ۔ وائرس اپنی زندگی ـــ ـــ ـــ کے اوپر گزارتا ہے -

7 ۔ بعض بیکٹیریا جو اپنے گرد حفاظتی حلقہ بنا لیتے ہیں ـــ ـــ ـــ کہلاتی ہیں -

8 ۔ عام بیکٹیریا ـــ ـــ ـــ سینٹی گریڈ سے اوپر مرجاتے ہیں -

9 ۔ بیکٹیریا کی تقسیم کا عمل ـــ ـــ منٹوں میں مکمل ہوجاتا ہے -

10 ۔ تپ دق ـــ ـــ ـــ کی وجہ سے پیدا ہوتا ہے -

11 ۔ سلیپنگ سکنیس ـــ ـــ ـــ کی وجہ سے پیدا ہوتی ہے -

12 ۔ وٹامن بی کی کمی ـــ ـــ ـــ بیماری پیدا کرتی ہے -

13 ۔ انفلوئنزا ـــ ـــ ـــ کے طریقے سے پھیلتا ہے -

14 ۔ ٹیٹنس کا مرض ـــ ـــ کے ذریعے سے انسان میں پھیلتا ہے -

15 ۔ انسان میں پائی جانے والی مدافعت کو ـــ ـــ کہتے ہیں -

16 ۔ پولیو پھیلانے کے ذمہ دار ـــ ـــ نامی جراثیم ہیں -

17 ۔ کالی کھانسی پیدا کرنے والے جراثیم کا نام ـــ ـــ ـــ ہے -

18 ۔ بہت زیادہ سگریٹ پینے سے ـــ ـــ ـــ ہوجاتی ہے -

19 ۔ تمباکو میں ـــ ـــ ـــ سے زیادہ کیمیائی مرکبات موجود ہیں -

معروضی سوالات : بیانیہ طرز (صحیح اور غلط بیانات پر مبنی)

نوٹ : ذیل میں دیے گئے بیانات کو غور سے پڑھیے جو بیانات صحیح ہیں ان کے شروع میں خالی جگہ پر حرف ''ص'' لکھیے اور جو بیانات غلط ہیں ان کے شروع میں حرف ''غ'' لکھیے۔

_____ 1۔ مائکرو آرگنزم کا لفظی مطلب بہت بڑا جاندار ہے۔

_____ 2۔ وائرس وہ جرثومہ ہے۔ جو چھوتی بیماریاں پیدا کرتی ہے۔

_____ 3۔ بیکٹیریا بہت ہی چھوٹی جسامت کے جاندار ہیں۔

_____ 4۔ میلیریا پروٹوزوا سے پھیلتا ہے۔

_____ 5۔ رکٹس و ٹامن اے کی کمی سے پیدا ہوتی ہے۔

_____ 6۔ ٹائیفائڈ بخار کے جراثیم اکثر صاف پانی سے انسان کے جسم میں جاتے ہیں۔

_____ 7۔ سبزیوں پر موجود مٹی میں جراثیم ہوتے ہیں۔

_____ 8۔ تمام جراثیموں کو کیمیائی لحاظ سے چھوٹے سالمے تصور کیا جاسکتا ہے۔

_____ 9۔ ہر مدافعتی جراثیم کیمیائی لحاظ سے ایک قسم کی گلائیکو پروٹین ہے۔

_____ 10۔ ناکارہ جراثیموں کے محلول کو ویکسین کہتے ہیں۔

_____ 11۔ کالی کھانسی پھیلانے کے ذمہ دار پولیو وائرس نامی جراثیم ہیں۔

_____ 12۔ کوڈین اعصابی نظام کو بالکل سست اور آزاد بنادیتی ہے۔

_____ 13۔ سگریٹ سے خون کی ترسیل میں 50 فیصد کمی واقع ہوجاتی ہے۔

معروضی سوالات : بطرز مطابقت

نوٹ : ذیل میں دیے گئے کالموں کے مندرجات کو باہمی تعلق کی بنا پر یکجا کیجیے۔

سوال نمبر 1

کالم الف	کالم ب
الف۔ بیماریوں کے خلاف مزاحمت	1 ویکسین
ب ۔ جراثیموں کی مکمل ہلاکت	2 اینٹی باڈیز
ج ۔ ناکارہ جراثیموں کا محلول	3 گلائیکوپروٹین
د ۔ انسان دشمن جناتی سالمے	4 سالمونیلا ٹائی فی
ر ۔ اینٹی جینز کی تباہی کا باعث	5 امیبا
س ۔ مدافعتی جراثیم کی کیمیائی ساخت	6 امیونائی زیشن
ش ۔ تپ محرقہ پیدا کرنے کا باعث	7 سیٹرپلائی زیشن
ق ۔ پیچش کی بیماری کا باعث	8 اینٹی جینز
ل ۔ کالی کھانسی کے دوران خاص آواز	9 سرطان
م ۔ بے کار خلیے تودوں کی شکل اختیار کرلیں تو بیماری کا نام	10 وھوپ
	11 طاعون
	12 متعدی امراض

سوال نمبر 2

کالم الف	کالم ب
الف۔ بیماری کا باعث ہوتا ہے	1 زہر
ب ۔ وائرس کا لفظی مطلب ہے	2 بیکٹیریا
ج ۔ گول ، سرخ نما یا کنڈلی نما شکل کے ہوسکتے ہیں	3 پروٹوزوا
د ۔ سلیپنگ سکنیس کا باعث ہیں	4 مائکرو آرگینزم
ر ۔ چھوت کی بیماری کا باعث ہیں	5 مچھر
س ۔ ملیریا کا سبب	6 چوہے
ش ۔ پلیگ پھیلانے والے جانور	7 جراثیم
ق ۔ تپ دق پھیلانے والے جانور	8 بیمار گائے
ل ۔ بذریعہ سانس جراثیم کی منتقلی	9 ڈراپلیٹ انفکشن
م ۔ انیمیا کی ایک وجہ	10 اسپورز
	11 افزائش نسل
	12 لوہے کی کمی

باب 5

معروضی سوالات کے جوابات

1 ۔ کثیرالانتخابی طرز

سوال	جواب	سوال	جواب	سوال	جواب
1	3	7	3	13	2
2	3	8	4		
3	3	9	4		
4	2	10	2		
5	3	11	3		
6	2	12	3		

2 ۔ تکمیلی طرز

سوال	جواب	سوال	جواب
1	ہیومرز	10	مائکرو بیکٹریم
2	63 ڈگری سینٹی گریڈ		ٹیوبر کیولوسز
3	کنڈلی نما جرثومہ	11	پروٹوزوا
4	زہر	12	بیری بیری
5	الیکٹران خردبین	13	چھوت
6	پیراسائیٹ	14	زخموں
7	اسپورز	15	قدرتی مدافعت
8	50 ڈگری سینٹی گریڈ	16	پولیو وائرس
9		17	بارڈی ٹیلا پروٹوسز
20		18	نظر کمزور
		19	100

3 ۔ بیانیہ طرز : (صحیح اور غلط بیانات پر مبنی)

سوال	جواب	سوال	جواب	سوال	جواب
1	غ	5	غ	9	ص
2	ص	6	غ	10	ص
3	ص	7	ص	11	غ
4	ص	8	ص	12	ص
				13	غ

4 ۔ بطرز مطابقت

سوال نمبر 1

سوال	جواب
الف	6
ب	7
ج	1
د	8
ر	2
س	3
ش	4
ق	5
ل	10
م	9

سوال نمبر 2

سوال	جواب
الف	7
ب	1
ج	2
د	3
ر	4
س	5
ش	6
ق	8
ل	9
م	12

باب 6

عنوان : علم البحر

ذیلی عنوانات :

6.1 ۔ سمندری ماحول ! سمندری حالات ، طبعی و کیمیاوی اجزا
سمندری فرش
گہرے سمندر کی تحقیق

6.2 ۔ سمندر میں زندگی ! چند عام سمندری جانور اور پودوں کی تفصیل

6.3 ۔ سمندری وسائل ! خوراک ، جھینگا ، مچھلیاں ، وہیل ، الجی وغیرہ

نمکیات ، سوڈیم کلورائیڈ ، سوڈیم سلفیٹ پوٹاشیم آیوڈائیڈ

دیگر وسائل ، کھادیں ، موتی

معروضی سوالات کثیر الانتخابی طرز

نوٹ : ذیل میں ہر سوال کے 4 امکانی جواب دیے گئے ہیں جس میں سے صرف ایک درست ترین جواب ہے ۔ جواب کے گرد دائرہ لگائیں ۔

1 ۔ سمندر کی سطح سے زیادہ سے زیادہ کتنے میٹر تک نباتاتی زندگی پائی جاتی ہے ۔

1 ۔ 200
2 ۔ 250
3 ۔ 300
4 ۔ 400

2 ۔ ڈولفن ـــ ـــ ـــ جانور ہے ۔

1 ۔ انڈے دینے والا
2 ۔ دودھ پلانے والا
3 ۔ خشکی کا
4 ۔ یک خلوی

3 ۔ ہماری زمین کا ـــ ـــ ـــ ـــ فی صد حصہ پانی پر مشتمل ہے ۔

1 ۔ 50
2 ۔ 90
3 ۔ 70
4 ۔ 20

4 ۔ بحر اوقیانوس کے پہاڑی سلسلے کی لمبائی ـــ ـــ ـــ ہے ۔

1 ۔ پندرہ سو میٹر
2 ۔ پندرہ ہزار کلومیٹر ۔
3 ۔ تین ہزار میٹر
4 ۔ آٹھ ہزار میٹر

5 ۔ جزیرہ پیکو ۔۔۔۔ سمندر کی پہاڑی کی چوٹی پر واقع ہے۔

1 ۔ بحر الکاہل
2 ۔ بحر اوقیانوس
3 ۔ بحر ہند
4 ۔ بحر منجمد شمالی

6 ۔ لاغری کے علاج کے لیے کون سی مچھلی کا تیل استعمال کیا جاتا ہے

1 ۔ سمندری شیر
2 ۔ سالمن
3 ۔ کاڈ
4 ۔ ڈولفن

7 ۔ ایبسل کی گہرائی ۔۔۔۔ یا اس سے زیادہ تک ہوتی ہے۔

1 ۔ 1000 میٹر
2 ۔ 1200 میٹر
3 ۔ 1500 میٹر
4 ۔ 8000 میٹر

8 ۔ جزیرہ پیکو سمندر کے فرش سے تقریباً ۔۔۔۔ اونچا ہے۔

1 ۔ 5000 میٹر
2 ۔ 8000 میٹر
3 ۔ 6000 میٹر
4 ۔ 7000 میٹر

9 ۔ جان راس نے کس سن میں سمندری تہہ کی کیچڑ میں کیڑے دیکھے ؟

1 ۔ 1872ء
2 ۔ 1860ء
3 ۔ 1818ء
4 ۔ 1850ء

10۔ کونسے آلہ سے سمندری جانوروں کی بھیانک صدائیں سنی گئیں ؟

1 ۔ مائیکروفون
2 ۔ گراموفون
3 ۔ ہائیڈروفون
4 ۔ ٹیلی فون

11۔ ایسے جانور جن کے جبڑے نہیں ہوتے انھیں ـــــ کہتے ہیں ۔

1 ۔ آرتھروپوڈز
2 ۔ میملز
3 ۔ سائیکلواسٹومز
4 ۔ اسپونجز

12۔ گوشت خور جانوروں کو ـــــ کہتے ہیں ۔

1 ۔ اومنی وورس
2 ۔ ہربی وورس
3 ۔ کارنی وورس
4 ۔ انسکٹی وورس

13۔ سمندری پانی میں سوڈیم کلورائیڈ کی مقدار ـــ فی صد ہے ۔

1 ۔ 4 ء 7
2 ۔ 6 ء 3
3 ۔ 0 ء 4
4 ۔ 8 ء 7 7

14۔ روشنی کی سرخ ، نارنجی اور زرد شعائیں پانی کی سطح سے ـــ میٹر تک نیچے پہنچتی ہیں ۔

1 ۔ 50
2 ۔ 90
3 ۔ 100
4 ۔ 80

معروضی سوالات تکمیلی طرز

نوٹ : مندرجہ ذیل فقرات کو مناسب الفاظ سے مکمل کیجیے -

1 ۔ سمندر کی سطح سے زیادہ سے زیادہ 200 میٹر نیچے تک ـــــ زندگی پائی جاتی ہے -

2 ۔ سمندری کائی اور سمندری گھاس عام طور پر ـ ـ زون میں ملتے ہیں

3 ۔ جس آلہ کی مدد سے سمندری جانوروں کی عجیب و غریب دہاڑ اور بھیانک صدائیں سنی گئی اسے ـ ـ ـ کہتے ہیں -

4 ۔ ایسے جانور جن کے جبڑے نہیں ہوتے بلکہ اپنے اندر خلا پ کرکے پانی سے خوراک حاصل کرتے ہیں ـ ـ ـ کہلاتے ہیں۔

5 ۔ مونگوں کی وجہ سے سمندر میں جو جزیرے پیدا ہوتے ہیں انھ ـ ـ ـ کہا جاتا ہے -

6 ۔ 1872ء میں جس جہاز میں پہلی مرتبہ گہرے سمندر کی بحر پیما کے الات لگائے گئے اس کا نام ـ ـ ـ ہے -

7 ۔ سمندری پانی کو خشک کرکے ـ ـ ـ حاصل کیاجاتا ہے -

8 ۔ سمندری جانوروں کی زندگی کا انحصار روشنی ، خوراک اور ـ پر ہوتا ہے -

9 ۔ سرخ ، نارنجی اور زرد شعاعین پانی کی سطح سے زیادہ سے زیادہ ـ میٹر تک پہنچ سکتی ہیں -

10 ۔ بحراوقیانوس میں پہاڑ آج سے تقریباً ـ ـ ـ سال پہلے دریافت ہ

معروضی سوالات : بیانیہ طرز (صحیح اور غلط بیانات پر مبنی)

نوٹ : ذیل میں دیے گئے بیانات کو غور سے پڑھیے جو بیان صحیح ہے اس کے سامنے خالی جگہ پر حرف ”ص“ لکھیے اور غلط بیان کے سامنے خالی جگہ پر حرف ”غ“ لکھیے۔

_____ 1۔ سمندر کے فرش کی سب سے زیادہ گہرائی سمندر کے وسط میں ہوتی ہے۔

_____ 2۔ سمندری جانوروں کی زندگی کا انحصار روشنی، خوراک اور دباؤ پر ہوتا ہے۔

_____ 3۔ ذیشں مچھلی اپنے دشمنوں سے بچنے کے لیے اپنے جسم سے سیاہی خارج کرتی ہے۔

_____ 4۔ ہماری زمین کا ستر فی صد حصہ پانی پر اور بقایا تیس فی صد خشکی پر مشتمل ہے۔

_____ 5۔ ساحل سے شروع ہوکر تقریباً 50 میٹر تک گہرائی والے فرش کو براعظمی شیلف کہتے ہیں۔

_____ 6۔ بحر اوقیانوس میں پہاڑ آج سے تقریباً 1000 سال پہلے دریافت ہوئے۔

_____ 7۔ جزیرہ پیکو سمندر کے فرش سے تقریباً 8000 میٹر اونچا ہے۔

_____ 8۔ بحرالکاہل میں کھائیاں تقریباً ایک ہزار میٹر تک گہری ہیں۔

_____ 9۔ جان راس نے 1820ء میں کیچڑ میں کیڑے دیکھے۔

_____ 10۔ ہائیڈرو فون کے ذریعے سمندری جانوروں کی صدائیں سنی گئیں۔

_____ 11۔ سبزی خور جانور ٹائیڈل زون میں پائے جاتے ہیں۔

_____ 12۔ وہیل انڈے دینے والی مچھلی ہے۔

_____ 13۔ سائیکلو اسٹومز جانوروں کے جبڑے ہوتے ہیں۔

معروضی سوالات بطرز مطابقت

نوٹ : ذیل میں دیے گئے ہر سوال کے دو کالم 'الف اور ب، ہیں کالم ب کے مندرجات کا کالم 'الف، کے مندرجات ہیں۔ کالم 'ب، کے متعلق سیریل نمبر کو کالم الف کے حرف کے دائیں طرف خالی جگہ میں لکھیے۔

سوال 1 ۔ ذیل میں دیے گئے کالموں کے مندرجات کو باہمی تعلق کی بنا پر یکجا کیجیے۔

کالم الف	کالم ب
ـــــ الف ۔ بچے دینے والی مچھلی	1 ۔ کاڈ مچھلی کا تیل
ـــــ ب ۔ ان جانوروں کے جبڑے نہیں ہوتے۔	2 ۔ زیادہ گہرائی میں ہوتے ہیں
	3 ۔ مونگے
ـــــ ج ۔ نے سمندری تہہ کی کیچڑ میں کیڑے دیکھے	4 ۔ سمندر کے فرش سے 8000 میٹر اونچا ہے۔
ـــــ د ۔ جزیرہ پیکو	5 ۔ جان لاس
ـــــ ر ۔ سبزی خور سمندری جانور پائے جاتے ہیں	6 ۔ دودھ پلانے والے جانور
	7 ۔ سائیکلو اسٹومز
ـــــ س ۔ لاغری کے علاج کے لیے استعمال ہوتا ہے۔	8 ۔ وھیل
	9 ۔ ٹائیڈل زون
ـــــ ش ۔ گوشت خور جانور	

سوال 2 ۔ ذیل میں دیے گئے کالموں کے مندرجات کو باہمی تعلق کی بنا پر یکجا کیجیے ۔

کالم الف	کالم ب
___ الف ۔ براعظمی شیلف	1 ۔ 185 میٹر تک
___ ب ۔ براعظمی ڈھلوان	2 ۔ 67 میٹر تک
___ ج ۔ ایبی سیل ریجن	3 ۔ 333 میٹر سے نیچے تک
___ د ۔ ماریانا کی کھائی	4 ۔ 500 میٹر تک
___ ر ۔ سوڈیم کلورائیڈ	5 ۔ 8000 میٹر یا اس سے زیادہ تک
___ س ۔ میگنیشیم کلورائیڈ	6 ۔ 90 میٹر سے ذرا اور نیچے
___ ش ۔ میگنیشیم سلفیٹ	7 ۔ 2.5 فی صد
___ ط ۔ پوٹیشیم کلورائیڈ	8 ۔ 77.8 فی صد
___ ظ ۔ سبز شعاعیں	9 ۔ زیادہ سے زیادہ 90 میٹر تک
___ ف ۔ نیلی شعاعیں	10 ۔ 8751 میٹر
	11 ۔ 7.4 فی صد
	12 ۔ 1.9 فی صد
	13 ۔ گیارہ ہزار میٹر

باب 6

معروضی سوالات کے جوابات

1 ۔ کثیرالانتخابی طرز

سوال	جواب	سوال	جواب
1	1	8	2
2	2	9	3
3	3	10	3
4	1	11	3
5	2	12	3
6	3	13	4
7	4	14	2

2 ۔ تکمیلی طرز

سوال	جواب	سوال	جواب
1	نباتاتی	6	لچیلنجر
2	ٹائیڈل زون	7	نمک
3	ہائیڈروفون	8	دباؤ
4	سائیکلواسٹومز	9	90 میٹر
5	کورل ریفس	10	100

3 ۔ بیانیہ طرز اور غلط بیانات پر مبنی

سوال	جواب	سوال	جواب
1	غ	8	ص
2	ص	9	غ
3	غ	10	ص
4	ص	11	ص
5	غ	12	غ
6	غ	13	غ
7	ص		

4۔ بطرز مطابقت

سوال نمبر 1

سوالی	جواب	سوال	جواب
الف	8	س	1
ب	7	ش	2
ج	5		
د	4		
ر	9		

سوال نمبر 2

سوال	جواب	سوال	جواب
الف	2	س	12
ب	1	ش	11
ج	5	ط	7
د	13	ظ	6
ر	8	ف	3

باب 7.

عنوان : توانائی کے وسائل

ذیلی عنوانات :

7.1 - زمانہ حال اور مستقبل میں توانائی کی ضرورت : انسان کے لیے توانائی کی اہمیت

7.2 - توانائی کے روائتی ذرائع :

کوئلہ

گیس

پٹرول

پن بجلی

ہوا کی توانائی

7.3 - توانائی کے نئے ذرائع : شمسی توانائی ، مد و جزر کے توانائی

جوہری توانائی

معروضی سوالات، کثیر الانتخابی طرز

نوٹ: درج ذیل سوالات کے نیچے چار جواب دیے گئے ہیں جن میں سے ایک جواب درست ترین ہے ۔ اس جواب کے نمبر پر دائرے کا نشان لگائیں ۔

1۔ کسی جسم کی پوزیشن یا حالت کی توانائی کو ـــ ـــ ـــ توانائی کہتے ہیں ۔

1 ۔ مقناطیسی
2 ۔ کیمیائی
3 ۔ پوٹینشل
4 ۔ ہرکی

2۔ سب سے اعلیٰ قسم کا کوئلہ ـــ ـــ ـــ ہے

1 ۔ پیٹ
2 ۔ بٹیومینس
3 ۔ لگنائیٹ
4 ۔ انتھرا سائٹ

3۔ لکڑی یا کوئلہ جلنے سے ـــ ـــ ـــ توانائی حرارت کی صورت میں ظاہر ہوتی ہے ۔

1 ۔ میکانی توانائی
2 ۔ مخفی توانائی
3 ۔ کیمیائی توانائی
4 ۔ مقناطیسی توانائی

4۔ سب سے بہتر کوئلے میں کاربن کی مقدار ـــ ـــ فی صد ہوگی ۔

1 ۔ 50
2 ۔ 100
3 ۔ 70
4 ۔ 10

5 ۔ سب سے اعلی قسم کا ایندھن ــــــ ہے ۔

1 ۔ لکڑی
2 ۔ کوئلہ
3 ۔ مٹی کا تیل
4 ۔ قدرتی گیس

6 ۔ ایک اندازے کے مطابق زمین کی سطح پر سورج کی توانائی فی
کلو میٹر ــــــ ہارس پاور پڑتی ہے ۔

1 ۔ 4 ملین
2 ۔ 2 ملین
3 ۔ 10 ملین
4 ۔ 5 ملین

7 ۔ اینتھرا سائٹ کوئلے میں کاربن کی مقدار ــــــ فی صد ہے ۔

1 ۔ 50
2 ۔ 65
3 ۔ 95
4 ۔ 75

8 ۔ کاربن کی قدرتی طور پائی جانے والی ناخالص شکل کو ــــــ
کہتے ہیں ۔

1 ۔ ہیرا
2 ۔ گریفائیٹ
3 ۔ کوئلہ
4 ۔ کوک

